کوویڈ19 کی وجہ سے بائیو سیکیور ببل کا عادی ہو چکا ہوں، بابر اعظم کا پی سی بی پوڈ کاسٹ میں اظہار خیال

- خود سے دباؤ ہٹانے کے لیے ڈریسنگ روم میں ساتھی کھلاڑیوں سے گفتگو کرتا ہوں، کپتان پاکستان وائٹ بال ٹیم
- بازید خان کا نیشنل ٹی ٹونٹی کپ پر تبصرہ اور قومی خواتین کرکٹ ٹیم کے نئے ہیڈ کوچ ڈیوڈ ہیمپ کا خصوصی انٹرویو بھی پی سی بی پوڈ کاسٹ کی 26ویں قسط کا حصہ ہے

نیشنل ٹی ٹونٹی کپ میں شرکت کے لیے پاکستان وائٹ بال کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم آج راولپنڈی روانہ ہوں گے۔ وہ 9 اکتوبر سے شروع ہونے والے نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کے دوسرے مرحلے میں سنٹرل پنجاب کی قیادت کریں گے۔ سنٹرل پنجاب کی ٹیم ایونٹ کے پانچ میچوں میں سے صرف ایک میں کامیابی کے ساتھ فی الحال پوائنٹس ٹیبل پر پانچویں پوزیشن پر موجود ہے۔

بائیو سیکیور ببل میں کرکٹ کا تجربہ:

دورہ انگلینڈ میں پاکستان کرکٹ ٹیم کے ساتھ اڑھائی ماہ بائیو سیکیور ببل میں وقت گزارنے کے بعد انگلش کاؤنٹی سمرسیٹ کے بائیو سیکیور ماحول میں رہنے والے بابر اعظم اب نیشنل ٹی ٹونٹی کپ میں شرکت کے لیے راولپنڈی کے بائیو سیکیور ماحول کا حصہ بنیں گے۔

پاکستان کی وائٹ بال کرکٹ کے کپتان کا کہنا ہے کہ انہیں تو اب بائیو سیکیور ببل کی عادت ہو چکی ہے تاہم کورونا وائرس کی وباء کے باوجود کرکٹ کی سرگرمیاں جاری رہنا خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی سی بی کی جانب سے ڈومیسٹک سیزن 21-2020 کے مکمل شیڈول کا اعلان اور پھر ملتان اور راولپنڈی میں بائیو سیکیور ببل میں نیشنل ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹ کا انعقاد ایک قابل ستائش عمل ہے، جس سے ہمارے کھلاڑیوں کو صلاحیتیں نکھارنے کے ساتھ ساتھ ان حالات میں روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔

بابر اعظم کا کہنا ہے کہ پہلے انٹرنیشنل اور پھر کاؤنٹی کرکٹ میں مصروفیات کے باعث وہ ایک طویل عرصے سے ڈومیسٹک کرکٹ میں اپنے ساتھی کھلاڑیوں سے ملاقات نہیں کر سکے، لہٰذا وہ راولپنڈی میں سنٹرل پنجاب کے اسکواڈ کو جوائن کرنے پر بہت پرخوش ہیں۔

نیشنل ٹی ٹونٹی کپ میں سنٹرل پنجاب سے توقعات:

ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کرکٹ کے معروف کھلاڑیوں پر مشتمل سنٹرل پنجاب کی ٹیم گزشتہ سال فیصل آباد میں کھیلے گئے نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کے سیمی فائنل میں رسائی حاصل نہ کر پائی تھی تاہم اس مرتبہ نئے ہیڈ کوچ اور نئے کمبی نیشن کے ساتھ میدان میں اترنے والی سنٹرل پنجاب کی ٹیم میں 5 میچوں میں 236 رنز بنا کر اب تک کے ٹاپ اسکورر عبداللہ شفیق سمیت آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والے قاسم اکرم اور عرفان نیازی جیسے نوجوان کرکٹرز موجود ہیں، جن سے ایونٹ کے بقیہ میچوں میں بہتر کارکردگی کی امید ہے۔

سنٹرل پنجاب کے کپتان بابر اعظم کا کہنا ہے کہ گزشتہ سال سنٹرل پنجاب کی باؤلنگ کمزور تھی مگر اس مرتبہ ہم ٹورنامنٹ میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری بیٹنگ خاصی مضبوط ہے، رواں سال غلطیوں کو دہرانے کی بجائے بہتر نتائج دینے کی کوشش کریں گے۔ وہ پرامید ہیں کہ سنٹرل پنجاب کی ٹیم نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کے بقیہ میچوں میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔

دباؤ ختم کرنے کے لیے ساتھی کھلاڑیوں سے گفتگو کرنا:

بابر اعظم کا کہنا ہے کہ دنیا میں کوئی کھلاڑی ایسا نہیں ہے جو کھیل کے دوران دباؤ کا شکار نہ ہو، مختلف کھلاڑیوں کو مختلف اوقات میں دباؤ کا سامنا کرنا پڑتا ہے مگر بڑا کھلاڑی وہی کہلاتا ہے جو دباؤ دور کرنے میں کامیاب ہو جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اپنی صلاحیتوں پر مکمل اعتماد کرنا ہی دباؤ دور کرنے کا بہترین طریقہ ہے، وہ پختہ ذہن اور خوداعتمادی کے ساتھ میدان میں اترتے ہیں۔

بابر اعظم کا کہنا ہے کہ میچ میں اپنی باری کے انتظار میں انہیں دباؤ کا سامنا کرنا پڑے تو وہ ڈریسنگ روم میں موجود ساتھی کھلاڑیوں اور اسپورٹ اسٹاف سے گفتگو شروع کر دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ میدان میں اترنے سے قبل زیادہ دیر چپ نہیں بیٹھ سکتے۔

تینوں طرز کی کرکٹ میں کامیابی کا راز:

آئی سی سی کی جاری کردہ تازہ ترین رینکنگ کے مطابق تینوں فارمیٹ میں کے ٹاپ پانچ کھلاڑیوں میں شامل واحد کرکٹر بابر اعظم کے نزدیک ان کی کامیابی کا راز ہمیشہ اپنا قدرتی کھیل کھیلنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ کبھی بھی اپنے کھیلنے کا انداز نہیں بدلتے ہاں مگر میچ کی صورتحال کو دیکھ کر اپنے کھیل کی رفتار ضرور بدلتے ہیں۔ دائیں ہاتھ کے ٹاپ آرڈر بیٹسمین بابر اعظم، آئی سی سی ٹیسٹ رینکنگ میں پانچویں، ایک روزہ کرکٹ میں تیسرے اور ٹی ٹونٹی رینکنگ میں دوسرے نمبر پر براجمان ہیں۔

کپتان وائٹ بال کرکٹ پاکستان بابر اعظم کا کہنا ہے کہ وہ میچ سے پہلے اپنی پریکٹس پر بہت توانائی خرچ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ مشکل سے مشکل کنڈیشنز اور پچ پر یکٹس کرتے ہیں تا کہ میچ کے لیے خود کو بہتر انداز سے تیار کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پریکٹس ہی ہے جو انہیں اپنی بیٹنگ کو ایک لمبی اننگز میں بدلنے کی صلاحیت فراہم کرتی ہے، کھلاڑی کی صلاحیتوں اور قابلیت کا اندازہ اس کی گیم ایرونس سے ہی ہوتا ہے۔

دورہ انگلینڈ:

دائیں ہاتھ کے بیٹسمین کا کہنا ہے کہ اچھے باؤنس کی وجہ سے انگلینڈ کی کنڈیشنز ان کے لیے موزوں رہتی ہیں، کریز پر پہنچ کر وہ میچ اور پچ کی صورتحال دیکھ کر اپنے ذہن میں دس، دس اوورز پر مشتمل چھوٹے چھوٹے اہداف بناتے ہیں جس سے کھیل کی رفتار بدلنے میں آسانی رہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انگلینڈ کی کنڈیشنز وائٹ بال کرکٹ کے لیے بہترین ہیں اور گزشتہ چند عرصہ میں وہاں متعدد سیریز کھیلنے سے انہیں ان کنڈیشنز کا بہتر اندازہ ہوگیا ہے اور وہ اس تجربے کا بھرپور فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ وہ سمرسیٹ کی جانب سے ٹی ٹونٹی کرکٹ میں سنچری بنانے پر خوش ہیں، وہ اسی اعتماد کے ساتھ نیشنل ٹی ٹونٹی کپ میں اپنے سفر کا آغاز کریں گے۔ یہاں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ بابر اعظم کا شمار ان دو کھلاڑیوں میں ہوتا ہے جنہوں نے نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کے گزشتہ ایڈیشن میں سنچری بنائی تھی۔

زمبابوے سیریز:

بابر اعظم نے کہا کہ نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ 2020 نوجوان اور باصلاحیت کرکٹرز کے ساتھ پاکستان کے وائٹ بال اسکواڈ میں شامل کھلاڑیوں کے لیے اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ ایونٹ کے فوری بعد زمبابوے کرکٹ ٹیم پاکستان کے دورہ پر پہنچ جائے گی اور وہ سیریز ہمارے لیے دورہ نیوزی لینڈ کی ایک اچھی تیاری ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل سطح پر کوئی بھی ٹیم آسان نہیں ہوتی، اس لیے زمبابوے کے خلاف بھرپور تیاری کے ساتھ میدان میں اتریں گے۔ بابر اعظم کا مزید کہنا تھا کہ وہ زمبابوے کے خلاف کامیابی حاصل کرکے وننگ مومنٹم نیوزی لینڈ لے کر جانا چاہتے ہیں کیونکہ نیوزی لینڈ کے خلاف نیوزی لینڈ میں سیریز آسان نہیں ہوتی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

National Team Partners

Domestic Partners